# بہاولپور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری

کراچی بائی پاس (نیشنل ہائی وے) بہاولپور

فون نمبر 0345-8880202 0301-6672323


ریفرنس نمبر: بی سی آئی / بی ڈبلیو پی / 2023-07(277)

مورخہ 24 جون 2023

## کاروائی ایگزیکٹو کمیٹی اجلاس بہاولپور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری منعقدہ مورخہ 24 جون 2023ء

بہاولپور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی ایگزیکٹو کمیٹی کا ایک اجلاس 24 جون 2023ء بروز ہفتہ بوقت 11:30 بجے دن فلیٹیز گرینڈ ہوٹل، نزد ڈی ایچ اے بہاولپور زیرصدارت صدر چیمبر جناب چوہدری ذوالفقار علی مان منعقد ہوا۔ جس میں درج ذیل اراکین شریک ہوئے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1۔ | جناب چوہدری ذوالفقار علی مان | (صدر) | آئیڈیل پاکستان انڈسٹریز پرائیویٹ لمیٹڈ، یزمان |
| 2۔ | جناب حنیف احمد | (سینئر نائب صدر) | السعید گارمنٹس اینڈ شوز، بہاولپور |
| 3۔ | جناب عدیل خالد | (نائب صدر) | دوآبہ آئل انڈسٹریز، بہاولپور |
| 4۔ | جناب منصور اقبال قریشی | (ممبر) | المیز ان آئل ملز، احمد پورشرقیہ |
| 5۔ | جناب شیخ محمد خرم اظہار | (ممبر) | سبزازار میرج لان، بہاولپور |
| 6۔ | جناب سید مزمل حسین | (ممبر) | انیق سپرسٹور، بہاولپور |
| 7۔ | جناب محمد ارشد نذر رحمانی | (ممبر) | رحمانیہ ایسوسی ایٹس بہاولپور |
| 8۔ | جناب عباس علی | (ممبر) | ہما سلک سنٹر، بہاولپور |
| 9۔ | جناب ظفر اقبال | (ممبر) | چوہدری موٹرز اینڈ پراپرٹی ایڈوائیزر، بہاولپور |
| 10۔ | جناب ملک محمد علیم | (ممبر) | ملک ٹریڈنگ کارپوریشن، احمد پورشرقیہ |
| 11۔ | جناب مرید احمد نعیم | (ممبر) | مرید اینڈ کو، احمد پورشرقیہ |
| 12۔ | جناب محمد عارف | (ممبر) | جنید کاٹن جننگ پریسنگ اینڈ آئل ملز، احمد پورشرقیہ |
| 13۔ | جناب آصف عباس | (ممبر) | شیخ پروٹینز پرائیویٹ لمیٹڈ، لودھراں |

خصوصی دعوت پر سابق صدر چیمبر جناب جاوید اقبال چوہدری اور سابق ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن جناب منظور ایاز خان بھی اس میٹنگ میں شریک ہوئے۔ تلاوت کلام پاک سے میٹنگ کا آغاز ہوا۔ صدر چیمبر جناب چوہدری ذوالفقار علی مان نے میٹنگ میں آنے والے تمام ایگزیکٹو اراکین کو میٹنگ میں شرکت کرنے پر انہیں خوش آمدید کہا۔ میٹنگ کی باقاعدہ کاروائی سے پہلے گذشتہ عرصہ میں چیمبر اراکین کے قریبی عزیز و اقارب جن میں ہماری ایگزیکٹو رکن عباس علی صاحب کے والد محترم اور چیمبر کے سابق صدر خواجہ محمد اقبال صاحب جو کہ مشیعت ایزدی سے انتقال کر گئے تھے ان کے ایصال ثواب کے لیے فاتحہ خوانی اور ان کے درجات کی بلندی کے لیے دعا کی گئی۔ اس کے بعد ایجنڈے کے درج ذیل امور زیرغور لائے گئے۔

ایجنڈا نمبر 1:- سابقہ ایگزیکٹو کمیٹی میٹنگ منعقدہ مورخہ 03 جون 2023ء کی کاروائی کی توثیق۔

میٹنگ میں گذشتہ ایگزیکٹو کمیٹی کے اجلاس منعقدہ مورخہ 03 جون 2023ء کی کاروائی برائے توثیق پیش کی گئی، جسے ہاؤس نے بعد غور وخوض منظور کرلیا اور اتفاق رائے سے اسکی توثیق کرتے ہوئے درج ذیل قراداد منظور کرلی۔

قرارداد 12/2022-23

"ہرگاہ ہاؤس بہاولپور چیمبر کی ایگزیکٹو کمیٹی کی میٹنگ منعقدہ مورخہ 03 جون 2023ء کی کاروائی سے مکمل اتفاق کرتا ہے اور با اتفاق رائے اس کی توثیق کرتا ہے"

ایجنڈا نمبر 2:- گذشتہ ایگزیکٹو کمیٹی میٹنگ سے لیکر موجودہ میٹنگ تک چیمبر میں آنے والی نئی ممبرشپ کی منظوری۔

سیکرٹری جنرل چیمبر نے ہاؤس کے سامنے گذشتہ ایگزیکٹو کمیٹی کی میٹنگ منعقدہ مورخہ 03 جون 2023 سے لیکر موجودہ میٹنگ تک بہاولپور چیمبر میں ہونے والی نئی ممبر شپ کی فہرست پیش کی۔ جس کے مطابق 3 ممبر شپ برائے کارپوریٹ کلاس اور 19 ممبر شپ برائے ایسوسی ایٹ کلاس رجسٹر ہوئی ہیں جن کی تفصیل درج ذیل ہے۔

کارپوریٹ کلاس: 1۔نارت سوکا پرائیویٹ لمیٹڈ، بہاولپور 2۔العرب زیارت پرائیویٹ لمیٹڈ، کہروڑ پکا 3۔شریکت المائدہ لیتجارت ایس ایم سی پرائیویٹ لمیٹڈ، ہارون آباد

ایسوسی ایٹ کلاس: 1۔ساحر ٹریڈرز، بہاولپور 2۔رائل تاج برینڈ ڈ کلاتھنگ، بہاولپور 3۔اسد اللہ ہوٹل اینڈ ٹرکنگ اسٹیشن، بہاولپور 4۔جمیل سبزی فروش، بہاولپور 5۔الامین انٹرپرائزز، بہاولپور 6۔پنجاب ٹریڈرز، بہاولپور 7۔روہی آٹوز، احمد پور شرقیہ 8۔خالد آٹو ایکسچینج، احمد پور شرقیہ 9۔الشفاء آئی ہسپتال، بہاولپور 10۔مہر ٹریڈرز، چشتیاں 11۔صدیق اینڈ سنز رائس ڈیلر، ہارون آباد 12۔سٹی موٹرز، بہاولپور 13۔آصف رائس ٹریڈرز، بہاولنگر 14۔عامر ایگریکلچر اینڈ ڈیری فارم، چشتیاں 15۔کیک سٹوڈیو، بہاولپور 16۔محمد شعیب گورنمنٹ کنٹریکٹر، بہاولپور 17۔میاں ٹریڈرز، بہاولپور 18۔ممتاز فروٹ پروڈکٹ، ڈونگہ بونگہ 19۔عبدالصمد ٹریڈرز، ڈونگہ بونگہ

ہاؤس نے آنے والی درج بالا نئی ممبرشپ پر غور وخوض کرتے ہوئے ان کی باقاعدہ طور پر منظوری دے دی۔

ایجنڈا نمبر 3:- گذشتہ ایگزیکٹو کمیٹی میٹنگ سے لیکر موجودہ میٹنگ تک چیمبر کی سرگرمیوں پر بریفنگ۔

صدر چیمبر کی ہدایت پر سیکرٹری جنرل چیمبر نے ملٹی میڈیا کے ذریعے گزشتہ میٹنگ سے لیکر موجودہ میٹنگ تک (چیمبر اور چیمبر سے باہر) ہونے والے تمام پروگرامز، میٹنگز وغیرہ جن میں چیمبر کے اعلیٰ عہدیداران، اراکین ایگزیکٹو اور دیگر اراکین شریک ہوئے، پر بریفنگ دی جسے جاننے کے بعد ہاؤس نے اظہار تحسین کیا۔

ایجنڈا نمبر 4:- چیمبر سٹاف کی سالانہ بنیادوں پر تنخواہوں میں اضافے پر غور وخوض و منظوری۔

اس ایجنڈے پر بات کرتے ہوئے صدر چیمبر نے ہاؤس کو آگاہ کیا کہ ہر سال کی طرح اس مرتبہ بھی ہم ایگزیکٹو کمیٹی کی باقاعدہ منظوری سے اور مہنگائی کے پیش نظر چیمبر سٹاف کی تنخواہوں میں اضافہ کرنا چاہ رہے ہیں۔ صاحب صدر نے ہاؤس میں یہ بھی بتایا کہ گذشتہ روز چیمبر کی فنانس کمیٹی کی میٹنگ میں کمیٹی اراکین نے بھی چیمبر سٹاف کی تنخواہوں میں اضافے کی سفارش کی ہے۔ لہٰذا ہاؤس چیمبر سٹاف کی موجودہ تنخواہوں میں مہنگائی اور دیگر حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے اضافے کی منظوری دے۔ جس پر تمام ہاؤس نے صدر صاحب کی اس بات سے مکمل اتفاق کیا اور غور وخوض اور مختلف تجاویز کے بعد بہاولپور چیمبر کے سٹاف کی تنخواہوں میں یکم جولائی 2023 سے 20% اضافے کی منظوری دے دی اور درج ذیل قرارداد کی توثیق کردی۔

قرارداد 13/2022-23

"ہرگاہ ہاؤس بہاولپور چیمبر آف کامرس کی ایگزیکٹو کمیٹی سالانہ بنیادوں پر بہاولپور چیمبر کے سٹاف کی موجودہ تنخواہوں

میں یکم جولائی 2023 سے 20% اضافے کی منظوری دیتے ہوئے درج بالا قرارداد کی منظوری دیتا ہے۔"

**ایجنڈا نمبر 5:- ماہ جون 2023 کے دوران چیمبر میں ہونے والے اخراجات کی منظوری۔**

سیکرٹری جنرل چیمبر نے ہاؤس میں ماہ جون 2023 کے اخراجات پر مبنی گوشوارہ برائے منظوری پیش کیا۔ سیکرٹری جنرل نے اخراجات پر مبنی گوشوارہ پیش کرنے سے پہلے ہاؤس کو آگاہ کیا کہ چیمبر کی فنانس کمیٹی اپنی میٹنگ منعقدہ مورخہ 23 جون 2023 میں ان تمام اخراجات بمع بلز اور ووچرز ریویو کر چکی ہے۔ سیکرٹری جنرل نے ہاؤس کو آگاہ کیا کہ ماہ جون 2023 کے دوران چیمبر میں ہونیوالے اخراجات پر مبنی گوشوارہ برائے غور وخوض ومنظوری ایگزیکٹو اراکین کی فائلوں میں موجود ہیں جس کے مطابق ماہ جون میں ہونیوالے کل اخراجات مبلغ-10,25,416 روپے ہیں۔ ہاؤس نے ان اخراجات پر مبنی گوشوارہ پر غور وخوض کرتے ہوئے ان اخراجات کو منظور کر لیا اور بااتفاق رائے درج ذیل قرارداد کی توثیق کر دی۔

**قرارداد 13/2022-23**

**"ہرگاہ ہاؤس بہاولپور چیمبر ماہ مئی میں ہونیوالے کل اخراجات مبلغ-10,25,416 روپے کی بااتفاق رائے منظوری دیتا ہے اور ان اخراجات کی توثیق کرتا ہے۔"**

**ایجنڈا نمبر 5:- صاحب صدر کی پیشگی اجازت سے زیر غور لائے جانے والے امور۔**

اس ایجنڈے پر صاحب صدر نے ہاؤس کو بتایا کہ ہم بہاولپور چیمبر کا ایک وفد ترکی اور سعودی عرب لے جانے کا پروگرام بنا رہے ہیں اور ہماری کوشش ہوگی کہ مستقبل قریب میں یہ وفد ترکی اور سعودی عرب روانہ ہو۔ صاحب صدر نے کہا کہ اگر کوئی رکن اس وفد میں شرکت کے لیے تیار ہو تو وہ اپنا نام دے سکتا ہے۔

**چونکہ مزید کوئی نکتہ زیر غور نہ تھا لہٰذا صدر چیمبر نے میٹنگ کے اختتام کا اعلان کیا۔ جس کے بعد اراکین ایگزیکٹو کی چائے سے تواضع کی گئی۔**

(سیکرٹری جنرل)
بہاولپور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری

(صدر)
بہاولپور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری

CamScanner